سوال نمبر: 4402

منجانب: جناب عنایت اللہ صاحب، ایم پی اے

سوال	جواب
کیا وزیر صنعت وحرفت ارشاد فرمائیں گے کہ (ا) آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبے میں انڈسٹریل زون قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے۔
(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن صوبے کا بڑا ڈویژن ہے؟	جی ہاں یہ بھی درست ہے۔
(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو ملاکنڈ ڈویژن کے کن اضلاع میں حکومت انڈسٹریل زون قائم کرنا چاہتی ہے۔ نیز اب تک کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔	**صوبے میں صنعتی بستیوں / زونز کے قیام اور ترقی کے لئے دو(2) ادارے کام کررہے ہیں۔جن کی ملاکنڈ ڈویژن میں صنعتی زونز کی قیام کے لئے خدمات / کاوشیں درج ذیل ہیں۔** **<u>خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی KP-EZDMC</u>** KP-EZDMC ملاکنڈ ڈویژن میں اس وقت مندرجہ ذیل صنعتی زون بنانے پر کام کررہی ہے۔ **(i) <u>چترال:</u>** ضلع چترال کے لئے 40 ایکڑ زمین خریدی جاچکی ہے اور جلد ہی اس پر ترقیاتی کام شروع ہوگا۔ **(ii) <u>بونیر:</u>** صوبائی حکومت نے سالانہ ترقیاتی پروگرام 20-2019 میں ماربل سٹی بونیر کی زمین کی خریداری کے لئے رقم مختص کی ہے۔جس کے لئے PC-I محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کو برائے ضروری کاروائی بھیجا جاچکا ہے۔ **(iii) <u>سوات:</u>** ضلع سوات مین صنعتی زونز کے قیام کے لئے سرکاری زمین کی منتقلی کے لئے وزیر اعلیٰ کو سمری بھیجی جاچکی ہے۔ زمین کی حصول کے بعد ترقیاتی کام کی منصوبہ بندی پر کام کیا جائے گا۔ **<u>خیبر پختونخوا سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ (SIDB)</u>** **(ا) سمال انڈسٹریل اسٹیٹ درگئی ملاکنڈ:** اس صنعتی زون میں صنعتیں لگانے کے لئے 2017 مین پلاٹس پیش کیئے گئے ہیں۔ **(ii) سمال انڈسٹریل اسٹیٹ سوات:** سوات مین سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے لئے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت فنڈز مختص ہیں۔توقع ہے کہ SIDB ضلعی انتظامیہ کی مشاورت سے جلد مناسب جگہ کا تعین کرکے PC-I متعلقہ مجاز اتھارٹی کے لئے پیش کرے گا۔ **(iii) سمال انڈسٹریل اسٹیٹ باجوڑ:** باجوڑ میں چھوٹی صنعتی بستی کے قیام کے لئے سالانہ ترقیاتی پروگرام 20-2019 کے تحت فنڈز مختص ہیں جس کے تحت زمین کی خریداری / حصول کے لئے PC-I محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کو برائے ضروری کاروائی بھیجا جاچکا ہے۔